الحکم لله والملک لله

لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ ربیع الثانی ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۱ فروری ۱۹۱۶ء	نمبر ۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ محمد ابراہیم علیخان صاحب تحصیلدار ٹانڈہ۔	۱و۲
۲	اضافہ محسن الزمان۔	۲
۳	رخصت انسپکٹر محکمہ دوامی بیکاری۔	〃
۴	توسیع ملازمت شیو دیال	〃
۵	بابت گمشدگی مہر صاحبزادہ سید محمد عنایت حسین خانصاحب بہادر	〃
۶	نقشہ زر خانہ اجناس	

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ فروری ۱۹۱۵ء

منشی محمد ابراہیم علیخان تحصیلدار ٹانڈہ نے مقدمہ برآمدگی اشرفی ہا بین حسین سراج الدین سابق ہیڈ کانسٹبل پولیس بہی ملزم ہے، خدمات متعلقہ بدیانت و مستعدی انجام دین۔ لہذا بنظر پسندیدگی خدمات

حکم ہوا کہ

منشی محمد ابراہیم علیخان تحصیلدار کی تنخواہ موجودہ مین پچیس روپیہ ماہوار

اضافہ کیا جائے ۔۔ احکام ضابطہ جاری ہون ۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۴ر فروری سنہ ۱۹۱۵ء

حسب پیشی عرضداشت لفٹننٹ کرنل صاحب بہادر چیف آف دی اسٹاف میسے محسن الزمان نامور کا تقرر فوجی کمیٹی مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین پانچروپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا ۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ر فروری سنہ ۱۹۱۵ء

حسبِ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری رخصت یکہفتہ منشی جنگ بہادر انسپکٹر گودام آبکاری بوجہ علالت برادر نامبردہ بغرض روانگی بریلی منظور کی گئی ۔

توسیع

۱۹ر فروری سنہ ۱۹۱۵ء

شمبو دیال سب انسپکٹر کی ملازمت مین چھ ماہ کی توسیع منظور کی گئی ۔

اعلان

خلاصہ مِسل گمشدگی مُہر صاحبزادہ
سید محمد عنایت حسین خانصاحب بہادر عرف انا میان صاحب بہادر

تحریر میونسپل افسر صاحب باطلاع گم ہوجانے مُہر صاحبزادہ سید محمد عنایت حسین خانصاحب بہادر عرف انا میان صاحب مع دیگر سامان محمولہ صندوقچہ بخدمت سپرنٹنڈنٹ صاحب ذات خاص پیش ہوکر صاحبزادہ انا میانصاحب بہادر سے کیفیت گمشدگی مہر دریافت کی گئی ۔ صاحب موصوف نے تحریر فرمایا کہ واقعی مہر گم ہوگئی ہے اور اسکا اعلان اس مضمون سے کرادیا جاوے کہ علاوہ میرے دو تمسک کے جو خزانچی صاحب کے نام ہین جنکا پوری مقدار مین روپیہ ادا نہین ہوا ہے ماہوار تنخواہ سے وضعات ہوتی ہی اگر کوئی رقعہ یا تمسک میرا مہری کا پیش کرکے کوئی شخص دعویدار ہوگا تو قابل سماعت نہوگا اور مین دوسری مہر کندہ کراؤنگا ۔ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر نے بعد دریافت کیفیت قرضہ از خزانچی سرکار ابد قرار کالا نند لال سرن خزانچی نے ذمہ صاحبزادہ صاحب موصوف منجملہ قرضہ سابقہ [illegible] اور منجملہ تمسک سنہ [illegible] روپیہ کے [illegible] منجملہ مبلغ [illegible] قرضہ لکھا ہی جملہ کاغذات اجلاس ہمایون پیش کئے اجلاس ہمایون سے ۱۸ دسمبر سنہ ۱۹۱۵ء کو حکم اندراج گزٹ صادر ہوا ۔ لہذا یہ خلاصہ مسل ہذا سے مرتب کرکے بغرض آگاہی ہر خاص و عام گزٹ مین درج کیا جاتا ہے ۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۹ لغایت ۱۶ فروری سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۰۶ار		۸ار	۱۰۰۶ار			
نخود خالص	۱۰ار		۱۰۰۱۰ار	۱۰ار			
نخود کسہ آمیز	۱۰۰۱۰ار		۱۱۰ار	۱۰ار			
کسہ	۱۰ار		۰	۰			
ماش	۷۰ار		۸ار	۷۰۰ار			
مونگ	۷ار		۸ار	۱۲۰۰ار			
مکا	۱۳ار		۱۱۰۰ار	۱۲۰۰ار			
جئی	۰		۱۰ار	۰			
گوجئی	۱۱ار		۹ار	۰			
عدس	۸۰۰ار		۹ار	۰			
ارہر	۱۱ار		۱۰ار	۰			
برنج	۴ار		۷ار	۲۰۰ار			
روغن زرد	۰۰۳ار		۳ار	۰۰۳ار			
روغن سیاہ	۲۰۰۳ار		۲۰۰ار	۳ار			
روغن کنجد	۴ار		۴ار	۱۰۰ار			
نمک سانبھر	۱۰۰۱۰ار		۱۱۵ار	۱۰ار			
نمک لاہوری	۰		۱۳ار	۰			
قند سیاہ	۵۰۰ار		۵۰۰ار	۵۰۰ار			
باجرہ	۱۰ار		۹ار	۱۰ار			

مطبوعہ پریس ریاست رامپور